نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی ضلع گوجرانوالہ میں گندم کے کاشتکاروں کی آگاہی کے لئے محکمہ زراعت اور نجی کھاد بنانے والی کمپنی کے تعاون سے منعقدہ سیمینار میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت

کاشتکار زیادہ سے زیادہ رقبہ پر ترجیحاً 20 نومبر تک گندم کی کاشت مکمل کریں:صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور 08 نومبر 2021: امسال گندم کے 2 کروڑ 20 لاکھ میٹرک ٹن پیداوار کا ہدف یقینی بنانے کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔گندم کے پیداواری ہدف کے حصول کے لئے کاشتکار ترجیحاً 20 نومبر تک کاشت مکمل کر لیں ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے ضلع گوجرانوالہ میں فصلات ربیع کے متعلق کاشتکاروں کی آگاہی کے لئے منعقدہ سیمینار کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔وزیر زراعت نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت وزیراعظم پاکستان عمران خان کے ویژن اور وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان خان بزدار کی قیادت میں ملکی سطح پر فوڈ سیکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کر رہی ہے اور اس ضمن میں وزیراعظم پاکستان کے زرعی ایمرجنسی پروگرام کے تحت 12 ارب 59 کروڑ روپے کی لاگت سے گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے ومی منصوبہ کے تحت امسال گندم کی منظور شدہ اقسام کے 10 لاکھ بیگ سبسڈی پر فراہم کئے جا رہے ہیں اور مجموعی طور پر 1 کروڑ ایکڑ رقبہ پر گندم کی منظور شدہ اقسام کا بیج کاشت کیا جا رہا ہے۔کاشتکاروں میں جدید پیداواری ٹیکنالوجی متعارف کروانے کے لئے نمائشی پلاٹ،سیمینارز اور یوم کاشتکاران کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔اس کے علاوہ مالی سال 22-2021 کے دوران اس منصوبہ کے تحت گندم کی مشینی کاشت کے فروغ کے لئے 50 فیصد سبسڈی پر 1 ارب روپے سے زیادہ کی جدید زرعی مشینری سمیت دیگر زرعی مداخل فراہم کیے جا رہے ہیں۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ کاشتکار بھائی گندم کی زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لئے محکمہ زراعت کی سفارشات،متناسب کھادوں کے استعمال اور سرٹیفائیڈ بیجوں کے استعمال کریں تاکہ گندم کی گزشتہ سال سے زیادہ پیداوار حاصل کی جائے۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے کاشتکاروں کو اپنے خطاب میں بتایا کہ " کسان کارڈ" کے اجراء کا انقلابی پروگرام شروع کیا گیا ہے جس کے ذریعے تمام سبسڈیز کو کیش ٹرانسفر کی صورت میں براہ راست کاشتکاروں کے اکاونٹ میں منتقل کی جا رہی ہیں۔اب تک 5 لاکھ 90 ہزار سے زائد کاشتکار خود کو کسان کارڈ کے حصول کے لئے رجسٹرڈ کروا چکے ہیں۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت نے کاشتکاروں سے اپیل کی کہ وہ جلد از جلد کسان کارڈ کی رجسٹریشن مکمل کروائیں تاکہ حکومت کی طرف سے فراہم کردہ سبسڈی براہ راست اُن کے اکاؤنٹ میں منتقلی سے کاشتکار بروقت زرعی مداخل خرید سکیں تاکہ سبسڈی کا بروقت حصول کر کے اہم فصلوں کے پیداواری اہداف کو یقینی بنایا جا سکے۔تقریب سے ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر انجم علی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امسال کاشتکاروں کو کم سے کم خرچ سے زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لئے جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے تحت آگاہی دی جا رہی ہے اور زیادہ گندم اگاؤ مہم کو کامیاب کرنے کے لئے محکمہ تمام ذرائع بروکار لا رہا ہے۔تقریب میں ڈائریکٹر زراعت (توسیع) جاوید اقبال،ڈائریکٹر (اصلاح آبپاشی) عباس تتلہ،ڈپٹی ڈائریکٹر زرعی اطلاعات نوید عصمت کاہلوں،سید محسن حسن سمیت زرعی ماہرین اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی

☆☆☆☆